بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

امام جماعت احمدیہ

اسلام آباد۔ یوکے

HM – 29-05-2024

مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے سالانہ اجتماع کے لئے میرے پیغام کی درخواست کی تھی۔ اس مبارک موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں آپ کو ان اہم ذمہ داریوں اور نیک مقاصد کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جن کے حصول کے لئے آپ سب یہاں جمع ہوئے ہیں اور جن کی تکمیل کے لئے خدام الاحمدیہ کی تنظیم کو قائم کیا گیا ہے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس زمانہ میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی عظیم الشان پیشگوئیوں کے مطابق آپؐ کے سچے عاشق صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت کر کے جماعت میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ اس عظیم احسان کا شکر ادا کرنے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ کے رکن کی حیثیت سے آپ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور پہچانیں اور اپنی ساری توانائیاں اور صلاحیتیں اسلام احمدیت کی اشاعت اور ترویج کی خاطر صرف کریں۔

ہر خادم اور طفل کی سب سے بنیادی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنا گہرا اور پختہ تعلق قائم کرے اور ہر اُس چیز سے محبت کا تعلق رکھے جو اللہ کی نظر میں محبوب ہے۔ اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدوں کے مطابق حضرت مسیح موعودؑ کو مبعوث فرما کر منہاج نبوت پر خلافت کا بابرکت اور روح پرور نظام قائم فرمایا ہے جو خدا تعالیٰ سے تعلق کو پختہ اور مضبوط بنانے کا زندہ

نشان ہے۔ پس خلافت احمدیہ کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھنا، خلیفۂ وقت کی پوری تابعداری اور فرمانبرداری کرنا ہر خادم کا لازمی فریضہ ہے۔

یاد رکھیں کہ خلافت سے وفا اور اطاعت کا صرف دعویٰ کرنا ہی کافی نہیں بلکہ اس کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ آپ خلیفۂ وقت کی ہر بات کو سمجھیں اور پھر اس پر پوری توجہ، انہماک اور جانفشانی کے ساتھ عمل کرنے کی کوشش بھی کریں۔ لیکن مجھے بعض جگہوں سے رپورٹیں آتی ہیں کہ خدام کا خطبہ سننے کی طرف وہ رجحان نہیں ہے جو ہونا چاہیئے یا ان کی نظر میں خلیفۃ المسیح کے خطبہ کی وہ اہمیت نہیں ہے جو اسے دینی چاہیئے۔ پس اگر آپ خلیفۂ وقت کی باتوں کو سنیں گے ہی نہیں تو پھر انہیں اپنی عملی زندگیوں میں نافذ کس طرح کریں گے؟ یہ بات کبھی نہ بھولیں کہ جس قوم میں نظام اطاعت کمزور ہو جاتا ہے وہ ہمیشہ بدنظمی، پراگندگی اور انتشار کی زد میں رہتی ہے۔ پس ہر خادم کا یہ فریضہ ہے کہ وہ خالصتاً لوجہ اللہ نظام خلافت سے وفا اور عقیدت کا رشتہ مضبوط سے مضبوط تر کرتا چلا جائے۔

کامیاب اور سعادتمند زندگی کا ایک بڑا راز عبادت گزاری کے بلند معیاروں کو حاصل کرنا ہے اور اس مقصد کو پانے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھانے کا بہترین ذریعہ نماز ہے جس کے بغیر روحانی زندگی نہ حاصل ہو سکتی ہے اور نہ ہی سلامت رہ سکتی ہے۔ پس پنجگانہ نمازوں کو ہر حال میں باجماعت ادا کرنے کی کوشش کریں۔ دن میں خواہ کتنی ہی مصروفیات کیوں نہ ہوں آپ کبھی اس فریضہ کو نہ بھولیں۔ نماز کی ادائیگی میں ہرگز سستی اور غفلت نہ دکھائیں۔ اور پھر روحانی بلندیوں کو پانے کے لئے نماز کی ادائیگی میں خشوع و خضوع، توجہ اور لذت بھی بہت ضروری ہے اور اس کے لئے فرض نمازوں کے علاوہ نوافل کا اہتمام کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ اس کے لئے تہجد کی نماز اور نوافل کی طرف توجہ دیں تا کہ آپ اللہ کی محبت اور اُس کے قرب کو حاصل کرنے والے بنیں۔ نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرنے کے ساتھ

ساتھ قرآنی تعلیمات کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں اور ان پر عمل کا جذبہ دل میں بیدار کرنے کے لئے روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کو بھی اپنے اوپر لازم کریں۔ خواہ چند آیات کی ہی تلاوت کریں لیکن کریں ضرور۔ یقیناً وہ انسان جو قرآن کریم کو اپنا امام اور راہبر بنالیتا ہے دنیا اور آخرت کی کامیابیاں اُس کے قدم چومتی ہیں۔ پس جہاں آپ جماعت کی ترقی اور خلافت کے استحکام کے لئے سرگرمِ عمل رہیں اور جماعتی پروگراموں میں پورے جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیں وہاں دعوتِ الی اللہ کے فریضہ کو بھی احسن طریق سے انجام دیں اور دنیا کو اسلام احمدیت کا پیغام پہنچانے کی بھرپور کوششیں کریں۔

جماعت کا ہر ایک خادم اور طفل اس بات کا عہد کرکے اس اجتماع سے اٹھے کہ وہ اپنے عمل سے اپنے ایمان کی قوت کا ثبوت دے گا۔ حضرت مصلح موعودؓ کا یہ ارشاد ہمیشہ پیش نظر رکھیں کہ ”قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی۔“ اس اہم فریضہ کی تکمیل کے لئے دعا بھی کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے عہدوں پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ خلافت سے کامل اخلاص و وفا کا تعلق جوڑنے کی توفیق دے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو حقیقی خادمِ دین بن کر جماعت اور نظام خلافت کا مبارک پرچم دنیا میں بلند سے بلند تر کرنے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

[signature]

خلیفۃ المسیح الخامس

نقل دفتر پی ایس اسلام آباد (یوکے)